اشکال

یہ ایک مثلث ہے۔اس کے تین اضلاع ہوتے ہیں۔

یہ ایک مستطیل ہے۔اس کے آمنے سامنے کے اضلاع کی لمبائیاں برابر ہوتی ہیں۔

یہ ایک دائرہ ہے۔اس کا گھیرا منحنی ہوتا ہے۔



یہ ایک مربع ہے۔اس کے 4 مساوی اضلاع ہوتے ہیں۔



پہلے کالم میں دی گئی شکل کے مطابق شکل میں رنگ بھریئے۔



مستطیل کے 4 اضلاع ہوتے ہیں۔

مربع کے 4 اضلاع ہوتے ہیں۔

مستطیل اور مربع دونوں کو چوکور کہتے ہیں۔

ایک چوکور کے 4 ضلعے ہوتے ہیں۔

نیچے دی ہوئی اشکال میں ہر چوکور میں 1 ہر مثلث میں 2 اور ہر دائرہ میں 3 لکھیے۔



دائرہ کو دیکھیے۔

اِس کا ایک مرکز ہے۔



ہم دائرہ کے مرکز سے دائرہ پر کے کسی
ایک نقطہ تک ایک خط کھینچ سکتے ہیں۔
یہ دائرہ کا رداس کہلاتا ہے۔



ہم مرکز میں سے گزرتا ہوا خط دائرہ کے
ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک کھینچ سکتے ہیں۔
یہ دائرہ کا قطر کہلاتا ہے۔



نیچے دائرہ کو دیکھیے۔ دائرہ میں لگا ہوا خط دائرہ کا رداس ہے یا قطر (✓) کا نشان لگائیے۔

	قطر	رداس

مربع کو دیکھئے۔



مربع کے ہر ایک ضلع کی لمبائی 3 سینٹی میٹر ہے۔

تمام اضلاع کی لمبائیوں مجموعہ کتنا ہے۔

$3 + 3 + 3 + 3 = 12$ سینٹی میٹر

چاروں اضلاع کی لمبائیوں کا مجموعہ 12 سینٹی میٹر ہے۔

چاروں اضلاع کی لمبائیوں کے مجموعہ کو احاطہ کہتے ہیں۔

کسی شکل کا احاطہ اس شکل کے تمام اضلاع کی
لمبائیوں کے مجموعہ کے برابر ہوتا ہے۔

احاطہ معلوم کرنا:

پہلا قدم: ہر ایک ضلع کی لمبائی کو دیکھئے۔

دوسرا قدم: ان تمام لمبائیوں کا مجموعہ معلوم کرلیں۔

مثلث کا احاطہ معلوم کریں۔



3 + 3 + 3 = 12 سینٹی میٹر

مستطیل کا احاطہ معلوم کریں۔



2 + 2 + 4 + 4 = 12 سینٹی میٹر

مربع کا احاطہ معلوم کریں۔



2 + 2 + 2 + 2 = 8 سینٹی میٹر

اضلاع کی لمبائیاں پڑھ کر شکل کا احاطہ معلوم کریں۔



احاطہ = _____



احاطہ = _____



احاطہ = _____